© rasailojaraid.com



دینی مدارس کے نصاب ونظام روایت وتجدید اور معاشرے پر اسکے اثرات جیسے موضوعات عرصہ دراز سے محققین کے زیر بحث رہے۔ بعض اداروں اور تھنک ٹینک نے دینی مدارس کا صرف یک طرفہ رخ پیش کیا مگر انسٹیٹیوٹ پالیسی سٹڈیز کو پاکستان میں یہ سبقت حاصل ہے کہ انہوں نے مدارس کا درست تجزیہ، مرض کی تشخیص اور علاج میں بھر پور کردار ادا کیا۔ ان موضوعات پر مختلف پروگرام ، سیمینارز ، ورکشاپ اور مکالمے کئے، اصحاب مدارس اور منتظمین وفاق کو جمع کیا اور پھر تفصیلی روداد مختلف کتابی شکلوں میں شائع کیا۔

زیر نظر مجموعہ تدریب المعلمین بھی ایسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس کو سید ندیم فرحت اور سید متقین الرحمٰن نے تین حصوں میں ترتیب دیا ہے۔ حصہ اول میں عمومی رہنمائی کے تحت قرآن کا انداز تدریس، تصور علم وتعلیم، عمل تدریس اور ابلاغ اور مثالی تعلیمی ادارہ کے عنوان سے مضامین شامل ہیں۔ حصہ دوم میں مخصوص رہنمائی بلحاظ مضامین ہے جس میں مولانا رفیق شنواری کے قلم سے تدریس حدیث ، فقہ، اصول فقہ اور علم کلام شامل ہیں۔ حصہ سوم کا عنوان مدرسے کا ماحول ہے جسکے تحت تصوف وتزکیہ ہم نصابی سرگرمیاں ، جیسے اہم موضوعات پر بحث کی گئی ہے نیز عمومی محاضرات کے حوالے سے سید ندیم فرحت کی فہرست اساتذہ مدارس کی خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔ کتاب کے آخر میں تدریب المعلمین اور تخصصات دینیہ کا نظام کے عنوان سے ارباب وفاقہائے مدارس کے تفصیلی تجاویز اور خطابات شامل ہیں۔ کتاب کی طباعت میں برادر عزیز نوفل شارح کا ذوق جھلکتا ہے۔

● **آداب الافتاء والقضا** ............تصنیف : مولانا مفتی ذاکر حسن نعمانی

ضخامت: ۳۷۷صفحات ............ ناشر: العصر اکیڈمی جامعہ عثمانیہ پشاور

مولانا مفتی ذاکر حسن نعمانی دار العلوم حقانیہ کے فاضل اور جامعہ عثمانیہ پشاور کے جید مدرس اور مفتی ہیں، امامت وخطابت اور تدریس وافتاء کے ساتھ ساتھ تحقیق وتصنیف کے شہسوار بھی ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب آداب الافتاء والقضاء ان کی نئی منفرد کاوش ہے جس میں انہوں نے مفتی ،مستفتی، افتاء قضاء قاضی ،حکم اور تحکیم کے بارہ میں قرآن و حدیث سے براہ راست آداب جمع کئے ہیں، عنوانات کے اعتبار سے ۳۶۲ آداب کا ذکر ہے جو کہ حضرت مفتی صاحب کی قرآن وحدیث سے والہانہ وابستگی اور فقہی بصیرت کا بین ثبوت ہے، کتاب کی طرز نگارش انتہائی شستہ بلکہ شگفتہ ہے، اتنے مشکل اور نایاب موضوع پر اس قدر بلند وبالا علمی اور فقہی مینار کھڑا کرنا مفتی ذاکر حسن صاحب کا ہی کارنامہ ہے۔ ۳۷۷ صفحات پر مشتمل ،جید اکابر واصاغر کے تاثرات سے مزین یہ علمی اور فقہی جواہر کا مجموعہ العصر اکیڈمی جامعہ عثمانیہ پشاور صدر سے دستیاب ہے۔

© rasailojaraid.com